شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

20 مئی 2023ء

پریس ریلیز

شرعی عدالت کا ٹرانس جینڈر ایکٹ کی متنازعہ شقات کو غیر شرعی قرار دینا قابلِ صد تحسین ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): شرعی عدالت کا ٹرانس جینڈر ایکٹ کی متنازعہ شقات کو غیر شرعی قرار دینا قابلِ صد تحسین ہے ۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء میں شامل غیر شرعی شقات کے خاتمہ کے لیے تنظیم اسلامی سمیت متعدد مذہبی جماعتوں اور دیگر افراد کی جانب سے وفاقی شرعی عدالت میں دائر رٹ پٹیشنز پر فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء درحقیقت اسلام کے نام پر قائم ہونے والے ملک پاکستان میں +LGBTQ کا غلیظ ایجنڈا نافذ کرنے کی مذموم کوشش تھی۔ ذاتی احساسات، خواہشات اور میلانِ طبع کا بیہودہ عذر تراش کر 'صنف' کی ایک غیر شرعی تشریح کی گئی تاکہ ہم جنس پرستی اور جنس آوارگی کو فروغ دیا جاسکے۔ اُنھوں نے کہا کہ وفاقی شرعی عدالت کے تاریخی اور مفصل فیصلہ نے ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء کے سیکشن 2(f)، 2(n)(iii)، 3 اور 7 کو غیر شرعی قرار دے کر اِس شیطانی ایجنڈا کو آگے بڑھانے کی مذموم کوشش کو ناکام بنا دیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اب یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلہ کے مطابق ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء کی تطہیر کے لیے پارلیمان کے ذریعہ جلد از جلد ضروری قانون سازی کرے۔ پھر یہ کہ اس ایکٹ کی غیر شرعی شقات کے تحت اب تک جتنے بھی قانونی وانتظامی احکامات جاری ہوئے، رولز بنائے گئے اور جو بھی عملی کاروائیاں کی گئی ہیں اُن سب کو کالعدم قرار دیا جائے۔ حقیقی مظلوم طبقہ یعنی انٹر سیکس (خنثیٰ) کے شرعی حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اُنھوں نے کہا کہ ہمارا یہ دیرینہ مطالبہ رہا ہے کہ اسلام کے نام پر قائم مملکتِ خداداد پاکستان میں قرآن اور سنت کی بالادستی کو تسلیم کیا جائے اور نہ صرف غیر شرعی قانون سازی سے مکمل اجتناب کیا جائے۔ بلکہ موجودہ تمام غیر شرعی قوانین کو بھی ختم کیا جائے۔ لہٰذا پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنایا جائے تاکہ ہماری دنیا بھی سنور جائے اور ہم آخرت میں بھی سرخرو ہو سکیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 21 May, 2023

“The Shariat Court’s verdict declaring the controversial clauses of the Transgender Act as Shariah non-compliant is commendable.”

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): “The Shariat Court’s verdict declaring the controversial clauses of the Transgender Act as Shariah non-compliant is commendable.” This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while welcoming the decision made in response to the writ petitions filed by various religious organizations and numerous individuals, including Tanzeem-e-Islami, in the Shariat Court for the purging of all Shariah non-compliant clauses in the Transgender Act 2018. He added that Transgender Act 2018 was a deplorable attempt to enact the filthy LGBTQ+ agenda in Pakistan, a country founded in the name of Islam. “Gender” was assigned a completely anti-Shariah definition based on personal whims, unbridled desires, and deviant inclinations in order to promote homosexuality and sexual deviance. He said that the Federal Shariat Court’s historic and detailed verdict declaring sections 2(f), 2 (n) (iii), 3 and 7 of the Transgender Act 2018 as Shariah non-compliant, has neutered the despicable attempts made at advancing this Satanic agenda. He continued and said that now it falls upon the government to purge the Transgender Act 2018 according to the decision of the Federal Shariat Court, by accelerating the necessary lawmaking process through the Parliament. Furthermore, any and all laws and administrative orders passed, rules made, and practical steps taken under the Shariah non-compliant clauses of this act should be immediately reversed. Practical steps should be taken for the protection of the rights of the actual oppressed community i.e. the intersex. He said that it has been our longstanding demand that the supremacy of the Quran and Sunnah be submitted to in the God-given state of Pakistan. Not only must Shariah non-compliant lawmaking be completely shunned, all existing anti-Shariah laws must also be annulled. Thus, Pakistan should be transformed into a genuine Islamic welfare state, so that we may prosper in this world, and attain everlasting success in the Hereafter.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan